فوری ریلیز کے لیے: 2023/5/12 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے شہریوں کو ریاست کی COVID-19 کے خلاف جنگ میں پیشرفت کے متعلق اپ ڈیٹ کیا***

***گورنر نے نیو یارک کے شہریوں کو COVID-19 کے خلاف بچاؤ اور اس کے علاج کے ٹولز کا استعمال جاری رکھنے کے لیے سراہا: ویکسینز، ٹیسٹنگ اور علاج***

***ریاست نیو یارک کی 11 مئی کی COVID-19 کے حوالے سے وفاقی صحتِ عامہ کی ایمرجنسی کی مدت ختم ہونے کے پیشِ نظر، ریاست نیو یارک کی COVID-19/ویکسین کے حوالے سے اپڈیٹ کی نیوز ریلیزز آج، 12 مئی کے بعد مزید جاری نہیں کی جائیں گی***

***تازہ ترین ڈیٹا آن لائن 7/24 بدستور دستیاب رہے گا***

***COVID-19 کے حوالے سے تمام تر عوامی معلومات و ذرائع اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں Coronavirus.Health.NY.Gov***

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے باشندوں کو COVID-19 کے حوالے سے تازہ ترین ریاستی معلومات سے آگاہ کیا اور ان بنیادی اقدامات کی نشاندہی کی جو وہ وائرل ہونے والے سانس کے انفیکشنز سے بچنے کے لیے اٹھا سکتے ہیں۔

"اگرچہ وفاقی صحت عامہ کی ایمرجنسی اختتام پذیر ہو چکی ہے، تاہم میں نیو یارک کے ہر شہری کو تاکید کرتی ہوں کہ وہ COVID-19 کے خلاف مستعد رہے اور خود کو، اپنے پیاروں کو اور اپنی کمیونٹیز کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانا جاری رکھے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ویکسین کی خوراکوں کے بارے میں باخبر رہیں، اور اجتماعات میں شامل ہونے یا سفر کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروانا یقینی بنائیں۔ اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو اپنے ڈاکٹر سے ممکنہ علاج کے اختیارات کے بارے میں بات کریں۔"

11 مئی کو وفاقی حکومت کی جانب سے COVID-19 کی صحتِ عامہ کی ایمرجنسی کی مدت کے خاتمے کے پیشِ نظر، ریاست نیو یارک کی COVID-19/ویکسین کے حوالے سے نیوز ریلیز آج، 12 مئی کے بعد سے اگلے نوٹس کے اجراء تک مزید جاری نہیں کی جائے گی۔ COVID-19 اور ویکسین کا تازہ ترین ڈیٹا ریاست نیویارک کے محکمہ صحت کے آن لائن ٹریکر پر 7/24 دستیاب رہے گا۔ COVID-19 کے حوالے سے تمام تر عوامی معلومات و ذرائع یہاں دستیاب ہیں https://coronavirus.health.ny.gov/۔

مزید برآں، ریاستی محکمۂ صحت، مقامی شعبہ جاتِ صحت اور نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ اداروں کے ساتھ مل کر COVID-19 کے ڈیٹا کی جمع کاری اور رپورٹنگ میں تبدیلیوں کا جائزہ لے رہا ہے۔ اگلے ہفتے سے، ڈیٹا کے مندرجہ ذیل ڈیش بورڈز آف لائن ہو جائیں گے: COVID-19 بریک تھرُو ڈیٹا، ریجنل ویکسینیشن ڈیٹا، اور NYS پاپ اپ ویکسینیشن ڈیٹا۔ ایجنسی COVID-19 کے خطرے سے نمٹنے کے لیے پُرعزم ہے، اور نیو یارک کے باشندوں کو

COVID-19 سے بچاؤ اور اس کے علاج کے لیے دستیاب ان وسائل کے استعمال کی ترغیب دینے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے: ویکسینز، ٹیسٹنگ اور علاج۔

گورنر Hochul نیو یارک کے شہریوں پر زور دے رہی ہیں کہ پرہیز کے عمومی اقدامات کریں — مثلاً ویکسین سے متعلق تازہ ترین معلومات سے آگاہ رہنا اور حفظان صحت کے اصولوں پر مناسب عمل درآمد کرنا — تاکہ وہ فلو اور COVID-19 سے بچ سکیں۔ گورنر کی جانب سے نیو یارک کے شہریوں کو اپنی اضافی COVID-19 ویکسینز لگوانے کی بھی مسلسل تاکید کی گئی ہے، جیسا کہ CDC کی جانب سے سفارش کردہ ہے۔

اضافی COVID-19 ویکسین لگوانے کی خاطر اپائنٹمنٹ شیڈول کرنے کے لیے، نیو یارک کے شہری اپنی مقامی فارمیسی، کاؤنٹی محکمۂ صحت یا نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں؛ vaccines.gov ملاحظہ کریں؛ اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کریں یا ویکسین کے قریبی مقامات تلاش کرنے کے لیے 1-800-232-0233 پر کال کریں۔ علاج کے طریقے معلوم کرنے کے لیے، نیویارک کے شہری یہ وسیلہ استعمال کر سکتے ہیں تاکہ ایسی جگہ معلوم کی جائے جو ان کے لیے مناسب ہو۔

COVID-19 کے ہفتہ وار اعداد و شمار کا خلاصہ ذیل میں پیش کیا گیا ہے:

- **7-دن کے اوسط کیسز فی 100k** - 2.59
- **گزشتہ 7 روز میں کُل مثبت کیسز -** 3,537
- **گزشتہ 7 روز میں رپورٹ کردہ ٹیسٹوں کے نتائج -** 164,944
- **آج تک کُل مثبت -** 6,678,930
- **مریضوں کے ہسپتال میں داخلے کی 7 روزہ اوسط -** 576
- **نئے داخل کردہ مریضوں کی 7 روزہ اوسط -** 83
- **ICU میں داخل مریضوں کی 7 روزہ اوسط** - 61
- **ICU میں داخل ان مریضوں کی 7 روزہ اوسط جنہیں ہوا کی نالی لگی ہوئی ہے** - 28
- **HERDS کے ذریعے گزشتہ 7 روز میں نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ شدہ نئی اموات -** 32
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ شدہ کُل اموات -** 62,520

ہیلتھ الیکٹرانک رسپانس ڈیٹا سسٹم ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت کی جانب سے اعداد و شمار کا ایک ماخذ ہے جو صرف ہسپتالوں، نرسنگ ہومز اور بالغ افرد کی دیکھ بھال کرنے والی سہولت گاہوں کے رپورٹ کردہ مصدقہ اعداد و شمار جمع کرتا ہے۔

- **CDC کو رپورٹ کردہ اور اس کی جانب سے مرتب کردہ کُل اموات -** 79,569

محکمۂ صحت اور نیویارک سٹی کی جانب سے CDC کو رپورٹ کردہ COVID-19 کے روزانہ کے عارضی ڈیتھ سرٹیفکیٹ کے ان اعداد و شمار میں وہ افراد شامل ہیں جن کا انتقال ہسپتالوں، نرسنگ ہومز، بالغوں کی دیکھ بھال کرنے والی سہولت گاہوں سمیت کسی بھی جگہ، گھروں میں، شفاخانوں میں، اور دیگر مقامات پر ہوا ہو۔

- **ویکسین کی لگائی گئی کل خوراکیں** - 44,069,867
- **گزشتہ 7 دنوں میں لگائی گئی ویکسین کی کل خوراکیں -** 34,987

- نیویارک کے **18** سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے - 85.6%
- نیو یارک کے **18** سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے **(CDC)** - 90.8%
- نیو یارک کے **18** سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 16.9%
- نیویارک کے **12-17** سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے - 74.7%
- نیو یارک کے **12-17** سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے **(CDC)** - 76.5%
- نیو یارک کے **12-17** سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 6.8%
- نیو یارک کے **5-11** سالہ بچوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے - 40.3%
- نیو یارک کے **5-11** سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے **(CDC)** - 41.2%
- نیو یارک کے **5-11** سالہ بچوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 4.2%
- نیو یارک کے **0-4** سالہ بچوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل بنیادی سیریز لگ چکی ہے - 8.2%
- نیو یارک کے **0-4** سالہ بچوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 8.2%
- نیو یارک کے ان تمام باشندوں کی شرح فیصد جن کی ویکسین کی بنیادی سیریز مکمل ہو چکی ہے - 76.6%
- نیویارک کے ان تمام باشندوں کی شرح فیصد جن کی ویکسین سیریز مکمل ہو چکی ہے **(CDC)** - 81.0%
- نیویارک کے تمام باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 14.7%

جمعرات، 10 مئی تک ہر علاقے کی 7 روزہ کیسز کی اوسط فی 100,000 آبادی:

| علاقہ | 7 دن کی اوسط، کیسز فی 100k |
|---|---|
| Capital Region | 1.54 |
| Central New York | 1.57 |
| Finger Lakes | 2.22 |
| Long Island | 3.19 |
| Mid-Hudson | 2.74 |
| Mohawk Valley | 1.62 |

| | |
|---|---|
| 2.94 | New York City |
| 2.11 | North Country |
| 1.42 | Southern Tier |
| 1.65 | Western New York |
| **2.59** | **ریاست گیر** |

نیویارک کے باشندے جو 5 تا 11 سالہ بچوں کے لیے ویکسین کی اپائنٹمنٹس شیڈول کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں انہیں ترغیب دی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کے ماہرِ اطفال، خاندانی فزیشن، کاؤنٹی کے صحت کے محکموں، وفاق کی جانب سے سندیافتہ صحت کے مراکز، دیہی مراکزِ صحت، یا فارمیسیز سے رابطہ کریں جو اس عمر کے گروپ کے لیے ویکسین لگا رہے ہوں۔ قریبی مقامات معلوم کرنے کے لیے والدین اور سرپرستگان vaccines.gov ملاحظہ کر سکتے ہیں، اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر سکتے ہیں، یا 1-800-232-0233 پر کال کر سکتے ہیں۔ اس بات کا یقین کر لیں کہ فراہم کنندہ Pfizer-BioNTechCOVID-19 ویکسین لگا رہا ہے، کیونکہ عمر کے اس گروپ کے لئے COVID-19 کی دوسری ویکسینز کی اجازت تاحال نہیں دی گئی ہے۔
نئی معلومات، کثرت سے پوچھے سوالات اور ان کے جوابات، اور عمر کے اس گروپ کے والدین اور سرپرستوں کے لیے خصوصی طور پر تیار کیے گئے وسائل کے لیے محکمۂ صحت کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**فراہم کنندہ کے مقام کے لحاظ سے علاقائی ویکسینیشن کا ڈیٹا**
نیویارک کے جن باشندوں نے ویکسین اور بوسٹر ڈوز لگوا لی ہے، علاقے کے حساب سے ان کے مجموعی میزان حسبِ ذیل ہیں:

| اپ ٹو ڈیٹ | مکمل کردہ سیریز | علاقہ |
|---|---|---|
| 236,357 | 912,084 | Capital Region |
| 151,223 | 614,771 | Central New York |
| 252,961 | 833,752 | Finger Lakes |
| 389,951 | 2,027,741 | Long Island |
| 351,457 | 1,577,843 | Mid-Hudson |
| 72,046 | 312,343 | Mohawk Valley |

| | | |
|---|---|---|
| 1,054,214 | 7,495,047 | New York City |
| 64,664 | 285,915 | North Country |
| 111,403 | 420,755 | Southern Tier |
| 238,576 | 915,744 | Western New York |
| **2,922,852** | **15,395,995** | **ریاست گیر** |

COVID-19 Vaccine Tracker Dashboard نیویارک کے مکینوں کو COVID-19 ویکسین کی تقسیم کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ ریاستِ نیویارک کا محکمۂ صحت ویکسین لگانے والے مقامات سے تقاضہ کرتا ہے کہ وہ 24 گھنٹوں کے اندر اندر COVID-19 ویکسین لگانے کے تمام اعداد و شمار کی اطلاع دیں؛ ڈیش بورڈ پر ویکسین لگانے کے اعداد و شمار کی تجدید روزانہ کی جاتی ہے تاکہ ریاست کی ویکسینیشن کی کوششوں میں تازہ ترین پیمانے کی عکاسی کی جا سکے۔ NYSIIS اور CIR کی جانب سے ریاست نیویارک کے محکمۂ صحت کو اطلاع کردہ اعداد و شمار وفاقی طور پر اطلاع کردہ اعداد و شمار سے تھوڑے سے مختلف ہیں، جس میں وفاق کی طرف سے لگائی گئی خوراکیں اور دیگر معمولی فرق شامل ہیں۔ مذکورہ بالا ریلیز میں دونوں کے اعداد و شمار شامل ہیں۔

**اہم نوٹ:** آج کی رپورٹ میں جمعہ، 5 مئی سے لے کر جمعرات، 11 مئی تک کا ڈیٹا شامل ہے۔

###


اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں